## سوال

جنابت کی حالت میں حدیث کی کتابت

## جواب

حالت جنابت میں حدیث لکھنا پڑھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا حالتِ جنابت میں حدیث پڑھی اور لکھی جا سکتی ہے ؟ میں نے اکثر کمپیوٹر پر احادیث اس حالت میں لکھی کہ مجھ پر غسل لازم تھا ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! احتراماً حدیث میں ہر مسلمان کو چاہیئے کہ وہ پاکیزہ ہو کر حدیث لکھے یا پڑھے ، اسلاف حدیث پڑھاتے وقت باقاعدہ غسل کرتے ، اچھے کپڑے زیب تن کرتے اور خوشبو لگا کر حدیث نبوی کا درس دیا کرتے تھے ۔ امام مالک کے بارے میں آتا ہے کہ وہ درس حدیث کا نہایت اہتمام فرماتے ، غسل کر کے عمدہ اور صاف لباس زیب تن کرتے پھر خوشبو لگا کر مسند درس پر بیٹھ جاتے اور اسی طرح بیٹھے رہتے تھے ، ایک دفعہ دوران درس بچھو انہیں ڈنگ مارتا رہا مگر اس پیکر عشق و محبت کے جسم میں کوئی اضطراب نہیں آیا ، پورے انہماک و استغراق کے ساتھ اپنے محبوب کی دلکش روایات اور دلنشیں احادیث بیان کرتے رہے ، جب تک درس جاری رہتا انگیٹھی میں عود اور لوبان ڈالا جاتا رہتا ۔ یہ تو احترام کی بات تھی ، باقی اگر کوئی شخص ناپاکی کی حالت میں حدیث مبارکہ پڑھ لیتا ہے تو وہ گناہ گار نہیں ہے ، کیونکہ صرف قرآن مجید ایسی کتاب ہے جسے ناپاکی کی حالت میں چھونا ناجائز ہے ، راجح موقف کے مطابق زبانی تلاوت اس کی بھی کی جا سکتی ہے ۔ جب قرآن مجید کی تلاوت کی جا سکتی ہے تو حدیث کی بالاولیٰ کی جا سکتی ہے ۔ لہذا کمپیوٹر میں حدیث لکھنے یا پڑھنے پر کوئی گناہ نہیں ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث